ے اک ترے مژگاں سے وابستہ ہیں لاکھوں حسرتیں
عرضیاں کتنی ہیں نتھی اک ذرا سے پن کے ساتھ

ے کس درجہ خوش اخلاق ہے اپوا کی چہیتی
خوش رکھتی ہے ہر فرد کو شوہر کے علاوہ

ے ایسا چڑھا بخار کہ صورت اُتر گئی
آئینہ دیکھنا بھی انہیں عار ہو گیا

ے سر حشر بھی تم نہ چوری سے چُوکے
یہاں بھی نگاہیں چُرا لی گئی ہیں

خیال رہے کہ اس میٹھی گولی کے زیادہ استعمال سے بخار اور زور پکڑتا ہے۔ لکھنے والے صاحب تو سراپا بخار ہی ہو گئے۔ قارئین ذرا احتیاط کریں۔

---

## معذرت

علالت کی بادِ سموم کے تھپیڑے کچھ دنوں سے ذرا پُرزور ہو گئے تھے، اس وجہ سے کام کا توازن قائم رکھنا مشکل ہو گیا۔ پھر بھی فرائض ادا کیے۔ مگر بدقسمتی سے مطبوعات کے لیے جگہ اتنی کم رہی اور فقہ النساء کا تبصرہ خلافِ معمول اتنا پھیل گیا کہ نہایت اہم کتابیں عرصے سے میرے لیے بارِ امانت ہیں اور کتنے ہی بزرگوں اور احباب کے سامنے شرمندہ ہوں۔ خدا خیر کرے تو کبھی رسالے کا مطبوعات نمبر ہی نکال دیا جائے۔ اور تو مسئلے کا کوئی حل نہیں نظر آتا۔ بہرحال اب تک کی کوتاہی سے درگزر کریں اور آئندہ کی کوتاہیوں کو معاف کرنے کے لیے تیار رہیں۔

(ن۔ ص)